Press Release
پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون:-040-23006606' 23006612-15 (104)' فیکس:23006606' ای میل:۔manuupro1@yahoo.com' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

21/جون2018

مانو آئی ٹی آئی دربھنگہ میں داخلے جاری

حیدرآباد، 21/جون (پریس نوٹ): مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے انڈسٹریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (آئی ٹی آئی)، دربھنگہ میں داخلوں کا آغاز ہوچکا ہے۔

ڈاکٹر محمد عبدالمقسط خان، پرنسپل انچارج کے بموجب الیکٹریشین اور پلمبنگ جیسے روزگار پر مبنی کورسز میں داخلے کے لیے درخواست فارمس مانو آئی ٹی آئی دربھنگہ، الیاس اشرف نگر، چندن پٹی لہرسرائے سے مفت حاصل کیے جاسکتے ہیں یا ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ پُرکردہ درخواست فارم مانو آئی ٹی آئی دربھنگہ میں جمع کرنے کی آخری تاریخ 26/جولائی 2018 مقرر ہے۔ اس کے علاوہ بھی درخواست فارم اور دستاویزات manuu.iti.dbg@gmail.com پر ای میل کے ذریعہ بھیجے جاسکتے ہیں۔

داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ مذکورہ پروگرامس کے لیے کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔ البتہ ایک قابل واپسی احتیاطی رقم -/60 روپئے داخلہ کے وقت ادا کرنی ہوگی۔ حکومت ہند کے قواعد کے مطابق ریزرویشن پالیسی کا اطلاق ہوگا۔ **مزید تفصیلات** فون نمبر 06272-277233 یا ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر